تعارف وتبصرہ کتب

آثار الحدیث | مؤلفہ علامہ خالد محمود صاحب۔ جلد اول ۴۱۶ صفحات۔ کاغذ اعلیٰ مجلد جلد دوم ۴۱۶ صفحات کاغذ اعلیٰ مجلد قیمت رعایتی مکمل سیٹ ۱۳۰ روپے۔ ناشر، دارالمعارف، الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور

اس دور الحاد میں ہر طرف سے دین پہ حملے رہے ہیں۔ ملحدین کے اپنے اپنے نظریات ہیں لیکن حدیث سے اعتماد اٹھانے میں سب متحد ہیں۔ قادیانی ہوں یا اشتراکی۔ رافضی ہوں یا خارجی ہر ایک علماء کرام اور علم حدیث کے خلاف کمر بستہ ہے آگے آگے منکرین حدیث کی ایک جماعت ہے جو سرے سے حدیث کو حجت نہیں مانتے ان کے اپنے جرائد ہیں ان کی اپنی مجالس درس ہیں اور ان کی اپنی تاریخ ہے جو ملحد فرقے علماء کے آگے بے بس ہیں وہ ان منکرین حدیث کے سایہ میں پناہ لیتے ہیں۔

ضرورت تھی کہ انکار حدیث سے متعلق تمام نزاعات ایک کتابی شکل میں آجائیں اگرچہ اس موضوع پر چھوٹے بڑے رسائل علماء نے بہت لکھے ہیں۔ لیکن یہ مباحث یک جا آجائیں اس کی بھی ضرورت تھی۔ پھر رسائل کا لائبریریوں اور کتب خانوں میں سنبھلنا اور محفوظ رہنا بھی مشکل ہوتا ہے۔

آثار الحدیث دو جلدوں میں انکار حدیث سے متعلق ہر موضوع کو شامل ہے۔ اہلحدیث اور منکرین حدیث کا تقابل بڑے دلآویز انداز میں دیا گیا ہے کئی ایسے مباحث ہیں جو اب تک اس شکل میں سامنے نہیں آئے جیسے اخبار الحدیث، قرآن الحدیث، اسلوب حدیث اور آداب الحدیث وغیرہ۔

آثار الحدیث کی ان دو جلدوں میں تیس عنوان علیحدہ علیحدہ رسائل کی شکل میں یک جا ہیں۔ مصنف کے فاضلانہ قلم نے کسی موضوع کو تشنہ نہیں چھوڑا۔ ضرورت ہے کہ یہ سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور مدارس عربی کی ہر لائبریری میں موجود ہو۔

دورہ حدیث کے طلبہ اگر اسے اپنے خارجی مطالعہ میں ساتھ ساتھ رکھیں تو وہ دورہ حدیث میں نہایت لطیف امداد محسوس کریں گے۔ اور عہد جدید کے دین پر جتنے بھی حملے ہیں سب کی جڑ خود بخود کٹتی جائے گی۔ وفاق المدارس اگر اسے امتحان میں بھی شامل کرے تو طلبہ کی زبردست علمی نصرت ہو گی۔

کتاب کا اسلوب بیان نہایت شستہ، ادبی، عام فہم اور آسان ہے۔ امید ہے اس لحاظ سے یہ کتاب ایک عہد آفریں کتاب ثابت ہو گی۔ ملنے کا پتہ اوپر مذکور ہے۔ دفتر جمعیت علماء اسلام رنگ محل لاہور بھی آپ اس کے لئے لکھ سکتے ہیں ٭